اسلام اور امن عالم کا داعی کثیر الاشاعت میگزین

ماہنامہ منہاج القرآن لاہور

اگست 2012ء

توبہ ہر روحانی مقام کی کنجی ہے

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کا روحانی و اصلاحی خطاب

میری عروسِ فکر کا عنوان ہیں مصطفیٰ ﷺ

تحریکی زندگی میں نظم و ضبط

ترکی میں خاموش انقلاب اور اس کے محرکات

حمد باری تعالیٰ جل جلالہٗ

صبح دم جب کسی طائر کی صدا آتی ہے
لب پہ بے ساختہ بس حمدِ خدا آتی ہے

پھرنے " ہیں مری آنکھ میں میزاب وحطیم
یاد جب صحنِ مقدس کی فضا آتی ہے

کوئی فن اور ہنر پاس نہیں ہے میرے
تیرے محبوب کی بس حمدو ثنا آتی ہے

مشکلیں جب { آتی ہیں سر راہِ حیات
دستگیری کو وہیں تیری عطا آتی ہے

امتِ خیرِ مجسم کو بھی ہو خیر نصیب
ہر گھڑی لب پہ یہی ایک دعا آتی ہے

ساتھ لے آتی ہے محرابِ حرم کی خوشبو
جب مدینے سے کوئی موجِ صبا آتی ہے

خواہشِ نفس کا Pآد چھٹے دل سے غبار
تب { جاکے ™ شانِ خدا آتی ہے

(محمد Pآد مجددی)

نعت بحضور سرورِ کونین A

رحلِ انوار پہ ہے اُنؐ کی ثنا کا چہرہ
اور مصروفِ تلاوت ہے صبا کا چہرہ
حرفِ آخر میں فرامینِ رسولِ آخرؐ
باعث عظمتِ انساں ہے حرا کا چہرہ
میں نے توصیفِ پیمبرؐ کے جلائے ہیں چراغ
عجز کے پانی میں ڈوبا ہے انا کا چہرہ
آج بھی نقشِ پیمبرؐ کو یہ بوسہ دے گا
صبحِ روشن سے بنا ارض و سما کا چہرہ
میرا کاسہ L خالی نہیں ہونے دیتے
وجد میں رہتا ہے آقاؐ کی عطا کا چہرہ
کتنا دلکش ہے زرِ خاکِ مدینہ کے طفیل
میرے اسلوبِ جدیدہ میں دعا کا چہرہ
جب سے خوشبو نے سنائی ہے اسے نعتِ رسولؐ
پھول بن بن کے £ ہے ہوا کا چہرہ
حوضِ کوثر سے ملا جام خنک پانی کا
کھل اٹھا حشر میں بھی شاہ و گدا کا چہرہ
فاختاؤں نے درِ عالی پہ آنسو رکھے
زخم خوردہ ہے ابھی شہرِ وفا کا چہرہ
فرش سے عرش تلک ہیں شبِ اسریٰ کے نقوش
اس لئے آج بھی روشن ہے خلا کا چہرہ
آنسو آنسو ہے فضا شامِ غریباں کی ریاضؔ
غم زدہ آج بھی ہے کرب و بلا کا چہرہ

(ریاضؔ حسین چودھری)

اداریہ:

صبر، استقامت اور فراست کا امتحان

☆ قارئین کرام! جب تک یہ شمارہ آپ کے ہاتھوں میں جائے گا، آپ ان شاء اللہ رمضان المبارک کی ر8 ں کے سائے میں شب و روز گزار رہے ہوں گے۔ اس مرتبہ رمضان زیادہ گرم اور طویل ایام میں آرہا ہے۔ ملک میں مہنگائی کے علاوہ توانائی کا بحران بھی موجود ہے جو اس صبر اور برداشت کی آزمائش میں مزید اضافہ کرے گا۔ قمری r ر اللہ تعالیٰ کی £ ں اور A ں پر مبنی نظام کائنات کا حصہ ہے۔ یہ ہر خطے میں ہر سال موسم کے p ات کے ساتھ تبدیل ہوکر آتا ہے۔ یوں گرمیوں اور سردیوں کے موسم اور چھوٹے اور بڑے دنوں کی بھوک پیاس انسان کو مختلف تجربات اور مجاہدہ سے h رکرتی ہے۔ انسانی Ë میں چونکہ سہل پرستی بھی ہے اور آرام طلبی بھی اس لئے تربیت کے جملہ گوشوں کی تکمیل اسی صورت میں ممکن تھی کہ اسے ہر موسم کی تلخی اور تجربات سے گزارا جائے۔ بات تو صرف عزم و ہمت اور مضبوط ارادے کی ہے۔ دن چھوٹے ہوں یا لمبے، موسم سردی کا ہو یا گرمی کا، روزے دار خواتین و حضرات پُرعزم ہوں اور اس روحانی پریکٹس کو روحانی F ریوں کا علاج ™ کر دل و جاں سے قبول کریں تو کوئی ذہنی اور جسمانی مسئلہ آڑے نہیں آتا۔

☆ رمضان اور قرآن کا باہمی m بھی بڑا اہم ہے۔ قرآن کی تلاوت رمضان المبارک میں نماز تراویح کی صورت میں } ت ہوتی ہے۔ ہر شخص زیادہ سے زیادہ قرآن حکیم پڑھ کر نیکیاں حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مگر مسلمانوں نے اس قرآن خوانی اور اس کی سماعت کو ایک رسم کی شکل دے دی ہے۔ روح رمضان یہ ہے کہ قلب و اذہان کی تطہیر کی جائے اور اس تطہیر کے عمل کو قرآن فہمی سے مستحکم کیا جائے لہذا قرآن کی تلاوت کرنا صرف رمضان کا معمول نہیں É روزمرہ کا معمول ہونا چاہئے۔ قرآن سننا بلاشبہ ثواب ہے مگر محض سننا اور پڑھنا کافی نہیں۔ آج ہر مسلم کو قرآن کے ساتھ علمی، عقلی، فکری اور عملی m کو مستحکم کرنے کی شدید ضرورت ہے۔ اس وقت عالم اسلام پر جس قدر مصائب اور مشکلات کے بادل چھائے ہوئے ہیں ان میں سے 9 کا حل، قرآن سے شعوری، جذباتی اور عملی وا Õ کے ساتھ مشروط ہے۔ مسلمانوں نے اولاً تو قرآن کو فراموش کردیا ہے یا پھر اسے غلاف میں • کر الماریوں میں سجادیا ہے اور اگر { رمضان میں پڑھنے G کا موقع ملتا ہے تو اس پر غور و فکر کی زحمت گوارا نہیں۔ حالانکہ قرآن باقاعدہ ایک فلسفہ، ایک تعلیم، نظریہ حیات اور شعور مقصدیت دینے آیا ہے یہ سب کچھ غور و فکر اور تفہیم و تعلیم سے ممکن ہو Y ہے۔

☆ رمضان میں ہر نیکی کا اجر چونکہ کئی گنا بڑھ جاتا ہے اس لئے لوگ زکوٰۃ جیسے اہم مالی فریضے کی ادا 5 کو رمضان میں ہی ممکن بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ¶ ں میں زکوٰۃ کی مد میں کٹوتی بھی پہلے روزے سے ہوجاتی ہے۔ یہ صرف ہمارے ملک میں حکومتی آرڈیننس کے نتیجے میں ہورہا ہے۔ حالانکہ زکوٰۃ کی رقم ہر انسان کو اپنے حقدار، جان T ان والے قریبی ò ں میں دینے کی ترغیب دی گئی ہے۔ مگر یہ ضیاء الحق مرحوم کے ''نفاذِ اسلام'' کی حکمت عملی ہے چاہے رقم کسی سے ادھار لے کر بنک میں رکھی گئی ہو اور اس پر مقررہ مدت کا اطلاق بھی نہ ہوا ہو، کٹوتی ہوجاتی ہے۔ اس وقت ہمارے x ان، عوام کی بنیادی ضرورتوں سے 8 عاری ہیں۔ ہر شعبے میں کرپشن اور لوٹ مار کا بازار گرم ہے۔ سابقہ وزیراعظم اور ان کی پوری فیملی حج کرپشن کیس میں عدالت کی # ں Û رہی ہے، ایسے میں کیا ضمانت ہے کہ زکوٰۃ کی رقم کا اE ل درست اور جائز مدات میں ہوتا ہوگا؟ اس لئے ¶ ں کو % اجازت زبردستی زکوٰۃ کی رقم کی کٹوتی نہیں کرنا چاہئے تاکہ ہر شخص اپنے اپنے دائرے میں حسب ضرورت و حیثیت زکوٰۃ دے کر اللہ تعالیٰ کے سامنے سرخرو ہوسکے۔ حکومت کے باقی امور میں جب شفافیت اور امانت و

دیانت کا معیار متحقق ہوجائے گا تو یہ زکوٰۃ بھی وصول کرکے تقسیم کرسکتی ہے۔ زکوٰۃ اسلام کے فلاحی نظام معیشت کا حصہ ہے۔ اس کے ذریعے امیر اور غریب کے درمیان غیر معمولی U بننے سے رکاوٹ ڈالنا مقصود ہے۔ یہ ضرورت مند کو بنیادی ضرورتوں کی تکمیل کا ایک قدرتی نظام ہے مگر ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس وقت مسلمان پوری دنیا میں مجموعی طور پر زیادہ غریب اور بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔ اس تصور کو سامنے رکھتے ہوئے انفرادی زکوٰۃ کی طرح حکومتی سطح پر بھی امیر ~ لک غریب مسلم ~ لک کو امدادی رقوم فراہم کرM ہیں مگر 9 عرب ~ لک کا سرمایہ یورپ اور امریکہ کے ¶ ں میں پڑا ہوا ہے اور ایشیائی خطوں کی طرح افریقہ کے کئی ایسے ~ لک آج بھی موجود ہیں جہاں خوراک اور صحت کی بنیادی ضرورتیں بھی x نہیں۔ مسلمانوں کو رمضان المبارک میں انفرادی، اجتماعی اور قومی سطح پر بھی گردشِ دولت کے نظام کو اپنانا چاہیے۔

منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن ایک بین الاقوامی فلاحی و رفاہی تنظیم ہے جو ہر شعبہ حیات میں معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کی خیر و < ئی کے لئے مصروف عمل ہے۔ منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن امداد باہمی کے اسلامی تصور کے تحت معاشرے کے خوشحال طبقے کے تعاون سے متاثرہ اور بدحالی میں مبتلا معاشرے کے افراد کی زندگی کو خوشحالی تعلیم، صحت اور فلاح عام کے لئے منصوبہ جات پر عمل پیرا ہے۔ اس وقت MWF کے زیر اہتمام سکولز، کالجز، فری ڈسپنسریاں، یتیم اور بے سہارا بچوں کا سہارا آغوش، یتیم بچیوں کی شادیاں اور دیگر عظیم فلاحی منصوبہ جات کامیابی کے ساتھ معاشرے میں اپنا مثبت کردار ادا کررہے ہیں۔ معاشرے کے مخیّر حضرات اور وسائل رکھنے والے احباب منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن کے ان منصوبہ جات میں عملی طور پر شریک ہوکر اللہ اور اس کے رسولِ مکرم A کی خوشنودی اور رضا کو سمیٹتے ہوئے دنیا و آخرت میں < ئی کے حقدار ٹھہر M ہیں۔

☆ رمضان کا آخری عشرہ برکاتِ روحانی کا عروج ہوتا ہے اس لئے اس میں حضور A نے اعتکاف کا مبارک عمل تاحیات جاری رکھا۔ اعتکاف انفرادی بھی ہوتا ہے اور اجتماعی بھی۔ لوگ گھروں میں بھی معتکف ہوتے ہیں اور مسجدوں میں بھی اور بعض خانقاہوں پر بھی بیٹھتے ہیں۔ تاہم تحریک منہاج القرآن نے اس e میں بھی ایک تعمیری طرح ڈالی ہے۔ نیکیوں کے موسم بہار کے عروج میں ہونے والے اعتکاف کی سنت کو امت کے W تر فائدے کے لئے اس میں وسعت و اجتماعیت کا رنگ غالب کردیا گیا ہے۔ منہاج القرآن کے مرکز میں ہونے والے اعتکاف میں انفرادی اورادو وظائف کے ساتھ ساتھ تعلیمی، دینی اور " تربیت کا اہتمام بھی شامل ہوتا ہے یوں اعتکاف کے بعد جہاں انسان اپنے ایمان میں تازگی محسوس کرتا ہے وہاں اسے اسلام کے حوالے سے اجتماعی ذمہ داریوں کا احساس بھی پیدا ہوجاتا ہے۔ تحریک کے زیر اہتمام منعقدہ شہر اعتکاف کی انفرادیت شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہرالقادری کی علمی اور روحانی Ä ہے۔ آپ ہر سال اجتماع اعتکاف سے مخصوص اوقات میں خطاب فرماتے ہیں جو پوری دنیا میں نشر ہوتے ہیں۔ اس طرح اعتکاف کی اثر انگیزی پوری دنیا میں محسوس کی جاتی ہے۔ تحریک کے کارکنان اور عہدیداران کو ان سنہرے لمحات سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ شمولیت کی کوشش کرنی چاہیے۔

ڈاکٹر علی اکبر قادری

☆**مفتی ارشاد حسین G ی کی بازیابی:** گذشتہ ماہ تحریک منہاج القرآن کے قابل فخر سپوت نوجوان سکالر مفتی ارشاد حسین G ی کو کراچی سے جنوبی پنجاب آتے ہوئے حیدر آباد کے قریب تاوان کے لئے اغواء کرلیا گیا تھا، یہ ایک افسوسناک واقعہ تھا جس پر تحریک کا ہر فرد اور خصوصاً قائد تحریک شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہرالقادری دل گرفتہ ہوئے۔ تاہم تحریک کی بھرپور سرپرستی، مرکزی اور صوبائی احباب کی دن رات کی محنت اور دنیا بھر کے کارکنان کی دعاؤں کا ³ ہے کہ مفتی ارشاد حسین G ی اپنے دوسا ¹ ں É صحت و سلامتی کے ساتھ موت کے منہ سے بچ کر اپنے منصب پر واپس آچکے ہیں۔ مرکز ان تمام احباب خواتین و حضرات کا شکر گزار ہے M ں نے مشکل وقت میں دعاؤں اور) تمناؤں کا اظہار کیا۔

توبہ ہر روحانی مقام کی کنجی ہے

خصوصی خطاب شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری☆

ترتیب و تدوین: محمد یوسف منہاجین

اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا:

وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ. (الحجرات:11)

’’اور جس نے توبہ نہیں کی سو وہی لوگ ظالم ہیں‘‘

اس آیت میں مذکور مضمون بڑا Ð ہے۔ بندے نے گناہ کیا مگر اللہ تعالیٰ نے اس کو ظالم نہ کہا۔ انتظار میں رہا کہ شاید توبہ کر لے لیکن جب وقت گزر گیا اور اس نے توبہ نہ کی تو فرمایا:

اے انسان گناہ کرنے پر تجھے ظالم نہیں سمجھا تھا مگر توبہ نہ کر کے تو نے ظلم کیا۔ معلوم ہوا کہ گناہ تو ایک درجے کا ظلم اور نافرمانی ہے ہی، مگر اصل ظلم جس کو اللہ نے ظلم شمار کیا، وہ گناہ کے بعد توبہ نہ کرنا ہے یعنی اس گناہ پر اصرار و تکرار کیا۔ لہذا اللہ تعالیٰ نے گناہ کے تکرار کرنے والے، اس پر اصرار کرنے والے اور اس کو جاری رکھنے والے کو ظالم کہا۔ اس لئے کہ اگر وہ توبہ کر لیتا تو گناہ کو ترک کردیتا۔ پس توبہ نہ کرکے اس نے ظلم کا ارتکاب کیا۔

بعض اولیاء کرام نے ایک حکایت بیان کی ہے کہ ایک شخص نے گناہ کیا اور توبہ کر لی، پھر گناہ کیا اور توبہ توڑ بیٹھا۔ الغرض گناہ کرتا مگر ندامت ہوتی تو توبہ کر لیتا ارادے کا کمزور تھا، حتی کہ اس نے ستر بار توبہ کر کے توڑ ڈالی۔ 70 ویں مرتبہ توبہ توڑنے کے بعد اس کو یہ خیال آیا کہ اب میری توبہ قبول نہیں ہوگی اور میرے منہ پر مار دی جائے گی کہ تم نے مذاق بنا لیا ہے کہ ستر مرتبہ تم نے توبہ کی اور پھر گناہ کرلیا اور باز نہیں آیا۔ اس خیال سے اس نے توبہ نہ کی۔ اللہ تعالیٰ نے اس دور کے اپنے پیغمبر سے فرمایا کہ میرے اس بندے کو جا کر یہ پیغام دے کہ تو ہی میری رحمت سے مایوس ہوگیا، میں نے کب تجھے کہا تھا کہ اب توبہ قبول نہیں کروں گا۔ تو اب بھی اگر توبہ کرلیتا تو میں معاف کر دیتا۔ اس حکایت کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آدمی توبہ کی وجہ سے مزید گناہ کرتا چلا جائے کہ توبہ تو قبول ہو ہی جاتی ہے۔ جس نے یہ سوچ کر گناہ کیا اور توبہ کی، دراصل اس کی توبہ ہی نہیں ہے۔ توبہ صدقِ دل سے ترکِ گناہ کو کہتے ہیں۔ لہٰذا توبہ کی قبولیت کا خیال رکھ کر مزید گناہ کرنا توبہ ہی نہیں ہے۔

توبہ کی تعریف

امام ابوالقاسم قُشیری (حضور داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے اساتذہ میں سے ہیں) توبہ کی تعریف میں فرماتے ہیں کہ

هی أصل کل مقامٍ و مفتاح کل حالٍ

’’ہر مقام کی ابتداء توبہ ہے اور ہر حال کی کُنجی توبہ ہے‘‘۔

☆ CD# 9 مورQ 03-01-04 (مرکزی سیکرٹریٹ لاہور)

امام £ ی کے توبہ بارے اس قول کی کما حقہ تفہیم کے لئے کیفیت، حال اور مقام کے مابین فرق کو جانتے ہیں۔

کیفیت

L L نماز، تلاوت، ا I ر، نعت پاک اور اللہ کا ذکر G سے اللہ کے انوار نصیب ہو جاتے ہیں۔ ایک کیفیت قلب و باطن پر طاری ہوتی ہے، رونگھٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔۔۔ L رونا آجاتا ہے، آنسو ¢ پڑتے ہیں۔۔۔ L کانپ اُٹھتے ہیں، L لرز جاتے ہیں۔۔۔ L تصوّر میں گم ہو جاتے ہیں اور چند لمحات کے لئے دنیا و ما فیہا کو بھول جاتے ہیں۔۔۔ اس کو ''کیفیت'' کہتے ہیں۔ کسی پر یہ ایک œ کے لیے آتی ہے، کسی پر چند منٹ کیلئے، کسی پر یہ کیفیت پندرہ سے بیس منٹ رہتی ہے۔ کوئی گھنٹے دو گھنٹے، تین گھنٹے اس کی کیفیت میں رہتا ہے۔ کوئی ایک دن رات یا دو تین دن اس کیفیت میں رہتا ہے مگر یہ کیفیت X نہیں رہتی آتی ہے اور پھر چلی جاتی ہے۔

اسکی مثال جگنو کی چمک کی سی ہے جیسے رات کا اندھیرا ہو تو جگنو نظر نہیں آتا اور اچانک چمکتا ہے۔ چمک سے پتہ چلتا ہے کہ یہاں جگنو ہے۔ پھر چمک آتی ہے اور چلی جاتی ہے۔ یہ مثال اس کیفیت کی ہے جو دل، باطن اور روح پر وارد ہوتی ہے اور پھر زائل ہو جاتی ہے۔ اس کیفیت کے لمحے انسان اپنے آپ کو اپنی بقایا پوری زندگی سے مختلف محسوس کرتا ہے۔ اس لمحے میں وہ کیفیت انسان کو - کر دیتی ہے، روشنی محسوس ہوتی ہے، اک سرور محسوس ہوتا ہے۔ اسی کو شاعر نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے کہ

یہ جو - - سرور ہے سب تیری نظر کا قصور ہے

مطلب یہ ہے کہ تو نے توجہ کی ہے، اس وجہ سے اس وقت میری یہ کیفیت بن گئی ہے کہ میں اپنے آپ کو جُدا سمجھتا ہوں۔ اس کیفیت کے چلے جانے کے بعد انسان اصل حالت کی طرف لوٹ آتا ہے اور اپنے آپ کو وہیں پاتا ہے جہاں پہلے کھڑا تھا۔

اس کیفیت کے حصول پر کوئی محنت نہیں تھی، کوئی ریاضت نہیں تھی،) عمل کا تسلسل نہیں تھا، مجاہدہ نہیں تھا، کوشش نہیں تھی É ہر شخص کے اندر موجود ایمان کی وجہ سے یہ کیفیات نصیب ہوتی ہیں۔ L ایسا ہوتا کہ کافر لوگ بھی ان کیفیتوں سے بہرہ ور ہوتے ہیں۔ اس لئے کہ مومن کی طرح وہ بھی جسم، نفس اور روح کے مرکب ہیں۔ روح کافر کے جسم میں ہو یا مسلمان کے جسم میں ہو، آئی تو وہیں سے آئی ہے، وطن تو وہیں تھا، رہتی تو وہیں تھی۔ صرف یہ کہ مومن کی روح کو Ž I نصیب ہوگیا اور کافروں کی روح کو یہ I نصیب نہیں ہوا۔ مگر پرورش اور آب و ہوا وہیں کی ہے۔ اُسی آب وہوا میں پلی، مدتوں مومنوں اور اللہ والوں کی روحوں کے ساتھ رہی لیکن اس کو Ž I نصیب نہیں ہوا، مگر چونکہ ایک زمانہ اس روح کا مومنین کے ساتھ گزرا ہے لہذا اگر وہ بھی صدق و اخلاص کے ساتھ محنت کرے، دھیان کرے، کسی لگن میں رہے، کسی دھن میں رہے، مرا Õ کرے تو اس کو بھی یہ کیفیت ملتی ہے یعنی ہر روح کے اثرات ہوتے ہیں جو کیفیت پیدا کرتے ہیں۔ مگر کفار میں یہ کیفیت ایمان کی کیفیت نہیں ہوتی ² مومن کو جب یہ کیفیت ملتی ہے تو وہ نور پیدا کرتی ہے کیونکہ اس کے ساتھ ایمان ہوتا ہے۔ پس اگر اس طرح کے روحانی اثرات آئیں اور چلے جائیں تو اس کو کیفیت کہتے ہیں۔

حال

وہ کیفیت جو چند لمحات کے لئے انسان پر طاری ہوتی ہے اور پھر چلی جاتی ہے اگر قائم رہے، آئے اور پھر واپس نہ جائے É برقرار رہے تو اس کو ''حال'' کہتے ہیں۔ کیفیت جم جائے قرار پکڑ جائے تو حال B تا ہے۔ اس کو امام قُشیری نے کہا: مفتاح کل حال ''ہر حال

کی چابی توبہ ہے‘‘ کہ اگر آپ چاہیں کہ ایمانی کیفیت برقرار رہے اور حال نصیب ہو جائے تو کسی بھی کیفیت کو حال میں بدلنے کی چابی توبہ ہے۔ اگر اس چابی کو ا E ل نہ کیا تو کیفیت آتی اور جاتی رہے گی، برقرار نہ رہ سکے گی۔

حضرت حنظلہؓ ایک دن روتے ہوئے ،آہ و بکا کرتے ہوئے یہ کہتے جارہے تھے کہ حنظلہؓ منافق ہوگیا، حنظلہؓ منافق ہوگیا۔ سیّدنا صدیق اکبرؓ راستے میں مل گئے۔ پوچھا کیا بات ہے؟ انہوں نے اپنا ماجرا سنادیا۔ انہوں نے حوصلہ افزائی کے لئے جواب دیا کہ ایسا معاملہ تو میرے ساتھ بھی ہے، آیئے آقا A کی بارگاہ میں اپنے اس حال کو بیان کرتے ہیں۔ دونوں آقا A کی بارگاہ میں ã اور عرض کیا، یا رسول اللہ! حنظلہ منافق ہوگیا۔ حضور A نے فرمایا: کیوں؟ کیا ہوا ہے؟ عرض کیا یا رسول اللہ A جب آپ کی بارگاہ میں بیٹھے ہیں اور آپ A سے قرآن مجید E، ذکر، نصیحت، تلقین اور دوزخ و جنت اور آخرت کا بیان E ہیں تو اس مجلس میں کیفیت یہ ہو جاتی ہے کہ گویا جنت بھی آ\ ں سے دیکھ رہے ہوتے ہیں، دوزخ بھی آ\ ں سے دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ جب آپ کی مجلس سے اٹھ کر گھر جاتے ہیں، بیوی بچوں اور دنیا کے کاروبار میں مصروف ہوتے ہیں تو یا رسول اللہ A وہ ساری کیفیت جاتی رہتی ہے اور برقرار نہیں رہتی جو آپ کی مجلس میں ہوتی ہے۔ آقا A نے فرمایا! حنظلہؓ تو منافق نہیں ہوا É مسلمان کی کیفیت ایسے ہی ہوتی ہے۔ L ایسے L ایسے۔ اِدھر ڈوبے اُدھر نکلے، اُدھر ڈوبے اِدھر نکلے۔ فرمایا: عام مسلمانوں کا حال یہی ہوتا ہے، اسکو منافقت نہ کہو۔ حنظلہؓ اگر یہ کیفیت تمھارا حال بن جائے۔ باہر جاکر بھی یہی کیفیت برقرار رہے تو اللہ کی عزّت کی قسم پھر تمھارا حال یہ ہو کہ تم گلیوں، کوچوں اور بازاروں میں چلو اور دائیں بائیں قطار دَر قطار فرشتے تمھارے دیدار اور تم سے مصافحے کے لئے راستے میں کھڑے ہو جائیں۔

آقا A کی Ä اور مجلس میں بیٹھے والوں کو معمولی سا خسارہ بھی ہو جائے تو انہیں بہت بڑا نظر آتا ہے۔ ایک ہم ہیں کہ ساری زندگی خسارہ بن گئی ہے مگر L اس کا شعور ہی نہیں ہوتا، دُکھ ہی نہیں ہوتا، رونا ہی نہیں آتا کہ ہم کتنے بڑے خسارے میں ہیں۔ قرآن اسی حقیقت کی طرف یوں اشارہ کرتا ہے:

وَالْعَصْرِ. اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ. (العصر:۱،۲)

’’زمانہ کی قسم (جس کی گردش انسانی حالات پر گواہ ہے) بے شک انسان خسارے میں ہے (کہ وہ عمرِ عزیز گنوا رہا ہے)‘‘۔

ہم اتنے بڑے گھاٹے میں ہیں مگر اپنے حال میں مست ہیں، جس کا کاروبار میں نقصان ہو جائے اس کو تو نیند نہیں آتی۔ مگر ہم نرے نقصان اور خسارے میں جا رہے ہیں اور خوب موج کرتے ہیں، L فکر ہی نہیں۔ Î اس کی بارگاہ سے کچھ نصیب ہو جاتا ہے تو انہیں تھوڑا سا نقصان بھی نظر آئے تو ان کی نیند ہی اُڑ جاتی ہے، آرام نہیں آتا اور وہ تھوڑے خسارے پر کہتے ہیں کہ منافق ہوگئے اور ہم منافقتوں کا ڈھیر بھی اپنے اندر جمع کرلیں تو B ہیں مومن ہی مومن ہیں، مسلمان ہی مسلمان ہیں۔ ہمارے آئینہ دل پر اتنی گرد پڑ گئی ہے کہ ہمیں خسارہ، گھاٹا، نفاق نظر ہی نہیں آتا۔

حضور A کے اس فرمان سے ’’کیفیت‘‘ اور ’’حال‘‘ ثابت ہورہا ہے۔ اگر صرف صاحبانِ کیفیت ہوتے اور صاحبانِ حال نہ ہوتے، یاصاحبِ حال ہونا ممکن نہ ہوتا تو آقا A فرماتے! حنظلہؓ گھبرانے کی ضرورت نہیں، ایسے ہی ہوتا ہے۔ بس اس پر گفتگو ختم فرما دیتے مگر اس کے بعد فرمایا کہ اگر یہ کیفیت برقرار رہ جائے اور حال میں بدل جائے۔ اسکا مطلب ہے کہ صاحبانِ کیفیت تو ہوتے ہی ہیں آقا A نے فرمایا کچھ

لوگ صاحبانِ حال بھی ہوتے ہیں۔

کیفیت کے لمحے میں - پن، سرور، کیف، نور، طہارت، پاکیزگی محسوس ہوتی ہے ۔اپنے آپ کو گویا کسی اور ماحول اور دنیا میں انسان محسوس کرتا ہے۔ جب وہ کیفیت، حال بن جاتی ہے تو پھر صاحبانِ حال کا تَن اِس ماحول میں رہتا ہے اورمَن کسی اور ماحول میں رہتا ہے۔ جب وہ ہر وقت اسی کیفیت میں رہتے ہیں تو حال میں ہوتے ہیں۔ اس وقت ان کا قال و حال جدا جدا ہوتا ہے، وہ لوگوں سے بات چیت کرتے ہیں،دنیا کے معاملات طے کرتے ہیں، نصیحت، وعظ اور تلقین کرتے ہیں۔ دُکھ سُکھ، غمی و خوشی اور دنیا کے فرائض S تے ہیں۔ اس جگہ جسم تَن میں مصروف رہتا ہے اورمَن حال میں مصروف رہتا ہے ۔لہذا یہ کیفیت ہوتی ہے کہ ان کا تَن فرشی ہوتا ہے اورمَن عرشی ہوتا ہے۔یہ فرشی بھی ہوتے ہیں اورعرشی بھی ہوتے ہیں۔ ظاہر ان کا فرش پر ہوتا ہے اور باطن انکا عرش پر ہوتا ہے،اس کو حال کہتے ہیں۔

مقام

جب کیفیت برقرار رہے تو حال ہے مگر یہ حال x نہیں ہوتا۔ا ‹ تغیّر بھی آجاتا ہے ۔پہلے کیفیت کو برقرار کرلیا تو حال ہوگیا۔پھر حال کو برقرار رکھنے کی محنت کرنا ہوگی۔ اگر حال ،حال رہے تو متغیّر رہتا ہے ۔اس میں بھی (ups and downs)آتے ہیں، تغیّر ہوتا ہے، تبدیلی آتی ہے۔ L کم L زیادہ، L نیچے، L اونچا۔ پس متغیّر رہے تو حال ہے اوراگر حال اپنی حالت پہ دائماً برقرار ہوجائے، متغیّر نہ ہوتو اسکو’’مقام‘‘ کہتے ہیں۔ اس میں اتنی استقامت آجائے کہ پھر اس میں تبدیلی نہ ہو۔ حال ہر حال میں برقرار رہے اوراس کے اِرد گرد کے موثرات اس پر اثر انداز نہ ہوں اور حال x ہو جائے ناقابلِ p ہو جائے تو مقام B تا ہے۔

روحانی مقام کے حصول میں رکاوٹ کیوں؟

حال میں داخل ہونے کے لئے توبہ کی ضرورت ہے۔ کیفیت تو وقتاً فوقتاًایمان کے اثر سے مل جاتی ہے مگر یہ کیفیت ، حال نہیں ﻣﻠﺎ اور حال، مقام نہیں بنتا۔ سوال یہ ہے کہ رکاوٹ کہاں ہے۔ رکاوٹ یہ ہے کہ ہم وقتاً فوقتاً ایمانی کیفیö بھی کھو بیٹھتے ہیں۔ بڑی بدنصیبی یہ ہے کہ قلب و باطن اتنا شقاوت زدہ ہوجاتا ہے کہ بدÁ اس پر مسلط ہو جائے،اتنا سنگ دل ہو جائے، دروازے اس پر اتنے بند ہو جائیں اور وہ جہاں بھی بیٹھے کیفیت نہ ملے۔ پس اگرکسی کا دروازہ بالکل بند ہو جائے تو کیفیت بھی نہیں ملتی اور اگر کیفیت وقتاً فوقتاً ملے تو سمجھے کہ دروازہ کھلا ہے۔کم ازکم دروازہ نہیں تو کھڑکی ? ہے،کھڑکی نہیں تو روشن دان کھلا ہے۔روشن دان نہیں تو چلو چند سوراخ ہی کھلے ہیں جن سے چھن چھن کر کچھ روشنی آرہی ہے۔ روحانی مقامات میں رکاوٹ اس وقت آتی ہے جب کیفیت x نہیں ہوتی، حال میں نہیں بدلتی۔

یاد رO کہ حال دعاؤں سےنہیں ملتا É حال ایک حویلی ہے، اس کے دروزے پر تالا لگا ہوا ہے۔جو لوگ اس کے باہر گلی کوچوں اورمیدانوں میں ہیں وہ اہلِ کیفیت ہیں ۔جو اس حویلی کے اِرد گرد رہتے ہیں اُنہیں کیفیت ملتی رہتی ہے۔ اگر چاہتے ہو کہ کیفیت، حال میں بدلے تو اس کے لئے اس حال کی حویلی کے اندر جانا ہوگا۔ اس حویلی کا تالاکیفیتوں کے آنے جانے سے نہیں • É اس تالے کی چابی توبہ ہے۔

امام £ی نے ،پہلے اہلِ کیفیت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اے اہلِ کیفیت ،اے خوش نصیبو! Î L L کیفیت نصیب ہوتی ہے سنو!اگر کیفیت سے اوپر اٹھ کر حال تک پہنچنا چاہتے ہوتو توبہ کی چابی لگالواور اس کے بعد اہلِ حال کو خطاب کیا کہ اے اہلِ

حال Î حال نصیب ہوگیا ہے اور جن کی کیفیت ایمانی نے قرار پکڑلیا ہے اب حال سے گزر کے مقام تک جانا چاہتے ہوتو ہر مقام میں داخل ہونے کی ابتداء توبہ ہے۔

توبہ کی اقسام

توبہ کی تین 9 ہیں:

ا۔ دل کی شقاوت، بدÁ اور سختی کو دور کر کے دل کو اتنا نرم کرلینا کہ کم سے کم اس میں کیفیت آسکے۔ دل ß نہ رہے É کیفیت کو قبول کر سکے۔ اس کیفیت کی قبولیت کی راہ توبہ ہے۔ جو لوگ کیفیت سے محروم ہیں، ان کا راستہ بھی توبہ ہے۔

۲۔ Î کیفیت نصیب ہے اور وہ حال چاہتے ہیں تو ان کی چابی بھی توبہ ہے۔

۳۔ Î حال نصیب ہے اور وہ مقام چاہتے ہیں تو ان کی ابتداء بھی توبہ ہے۔

جن کو مقام نصیب ہے اوروہ مقام کے آگے عروج اور مزید ترقی چاہتے ہیں تو ان کے ہر قدم پر ترقی کے لئے سیڑھی توبہ ہے۔ ہر درجے اور رُتبے والے شخص کی توبہ جُدا ہے ۔Õ رکی توبہ اور ہے۔۔۔ پرہیز گار کی توبہ اور ہے۔۔۔ عوام کی توبہ اور ہے۔۔۔ خواص کی توبہ اور ہے۔۔۔ اطاعت والوں کی توبہ اور ہے۔۔۔محبت والوں کی توبہ اور ہے۔۔۔ صالحین کی توبہ اور ہے۔۔۔ اولیاء کی توبہ اور ہے۔۔۔ انبیاءؑ کی توبہ اور ہے۔۔۔

میں نے زندگی میں بہت - ں کی مناجات اور ان کی i ؤں کو اللہ کے حضور پڑھا مگر اولیاء کاملین میں ہے سیّدنا امام زین العابدینؓ Ü توبہ میں نے کسی ولی میں نہیں دیکھی۔ان کی مناجات کو پڑ ³ تو 4 ہے کہ ہردن، ہروقت حالتِ توبہ میں ہی ہیں۔ ان کی زبانِ مبارک سے مناجات کا نکلا ہوا ایک ایک لفظ توبہ سے غسل شدہ (دھلا ہوا) ہے، توبہ میں غرق ہے۔

ولایت کے درجات میں ان سے اونچا کون ہوگا؟ آپ نے وہاں پرورش پائی جس گھر میں توبہ کے راز کھلتے ہیں۔ جہاں گناہ سے بھی محفوظ اور پاک ہوں اور لَقب بھی زین العابدین ہو کہ ہر وقت عبادت گزاروں کی زینت ہوں مگر مقام یہ کہ ہر وقت توبہ میں رہتے۔ معلوم ہوا کہ اس بات کی اُن سے بڑھ کر کس کو معرفت ہے کہ ہر قدم اللہ کی طرف آگے بڑھنے کی سیڑھی توبہ ہے، ہر مقام تک Î کی سیڑھی توبہ ہے۔ اس لیے وہ ہر وقت حالتِ توبہ میں ہوتے ہیں۔۔۔ پس ہر وقت حالتِ توبہ میں رہنا انسان کے روحانی عروج اور ترقیوں کے راستے کھولتا ہے۔ ہماری آنکھیں سوکھ گئی ہیں کیونکہ ہمارے توبہ کے ` بند ہوگئے ہیں۔توبہ کے Z ں سے سب کچھ ملتا ہے۔

حضرت آدمؑ کی توبہ انبیاء کی توبہ کی ایک مثال ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ اگر ارادہ نہ ہو اور نسیان ہوجائے تو گناہ نہیں ہوتا۔ اگر حالت روزہ میں بھول کر کچھ کھا لیا تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے جب دانہ کھا لیا تو یہ کھانا ارادہ سے نہ تھا É بھول تھی۔ ایسے کسی عمل پر جو بھول کر کیا جائے بندہ خود ہی گواہی دیتا ہے کہ میرا ارادہ نہیں تھا، بھول ہوگئی، خطا ہوگئی، نسیان ہوگیا، بندہ گواہی دیتا ہے تو اللہ معاف کر دیتا ہے۔ قرآن H ہے کہ جب آدم علیہ السلام نے وہ پھل کھا لیا تو اللہ نے خود گواہی دی کہ لَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا زمین پر اُتارنے سے پہلے وہیں اعلان کر دیا کہ کوئی بد بخت منہ نہ کھولے، سن لو آدم نے جو پھل کھایا تھا ہم نے ان کے اندر نافرمانی کا کوئی ارادہ نہیں پایا، گناہ کا کوئی ارادہ نہیں پایا، مخالفت کا کوئی ارادہ نہیں پایا۔ باری تعالیٰ اگر گناہ کا ارادہ نہیں تھا تو پھر پھل کیوں کھایا؟ اس موقع پر آدم علیہ السلام نہیں بولے É اللہ نے جواب دیا کہ نَسِيَ وہ بھول گئے تھے۔ اللہ اعلان فرما رہا ہے کہ گناہ نہیں É بھول ہے مگر اس کے باوجود آدم علیہ السلام عرض کر رہے ہیں کہ

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ. (الاعراف:۲۳)

”اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی کی۔ اور اگر تو نے ہم کو نہ بخشا اور ہم پر رحم (نہ) فرمایا تو ہم یقیناً نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے“۔

اہل اللہ ہر وقت توبہ میں رہتے ہیں، گناہ ہو تب بھی توبہ اور نہ ہو تب بھی توبہ کرتے ہیں۔

توبہ کا حقیقی مفہوم

توبہ سے مراد وہ توبہ نہیں جیسے ہم اپنی معمول کی زندگی میں توبہ وا I رکرتے ہیں۔ یہ توبہ نہیں É یہ تو الفاظ ہیں۔ لوگو! لفظوں سے نکل کر معنی کی طرف جاؤ اور معنی سے نکل کر مراد کی طرف جاؤ۔ توبہ کا معنی رجوع ہے۔ یعنی کسی کی طرف رجوع کرنا، کسی طرف مائل ہونا، التفات کرنا، جُھکنا، رغبت کرنا ہے اور یہ اللہ کو اتنا I ہے کہ اس نے اپنا نام h]¢33i بھی رکھا ہے۔ جو محض توبہ کرے اس کو تائب کہتے ہیں۔۔۔ اور جو بہت زیادہ توبہ کرے اُسکو ”توّاب“ کہتے ہیں۔۔۔ اللہ نے فرمایا کہ اے بندے تائب تو ہے اور توّاب میں ہوں۔ اس سے توبہ کی Ñ کا اندازہ کریں کہ اس نے اپنے آپ کو توّاب کہا ہے۔ قرآنِ مجید میں ہے کہ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔۔۔ توّاب مبالغہ کا صیغہ ہے۔ توبہ کا معنیٰ ہے رجوع۔ بندہ اللہ کی طرف رجوع کرلے تو تائب ہو گیا اور مولا بندے کی طرف رجوع فرما دے تو توّاب ہوگیا۔ ایسا کیوں ہے کہ بندہ تو تائب ہے حالانکہ اس کو توبہ کی ضرورت ہے اور اللہ توّاب ہے، بہت توبہ اس کی طرف ™ب ہوگئی۔ اس راز کو آقا A نے کھول دیا۔

حدیثِ قدسی ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر میرا بندہ میری طرف چل کر آئے تو میں اس کی طرف دوڑ کر آتا ہوں اور میرا بندہ اگر میری طرف ایک قدم چلے تو میں اس کی طرف 70 قدم چلتا ہوں۔ پس اُس کی طرف ایک قدم چلنے والا، رجوع کرنے والا تائب ہوا اور جو ایک قدم کے بدلے میں 70 قدم بندے کی طرف رجوع فرمائے تو وہ توّاب ہوا۔ بندہ رجوع کرتا ہے معافی مانگنے کے لئے اور مولا رجوع کرتا ہے معافی عطا کرنے کیلئے۔

سوال یہ ہے کہ کس شے سے رجوع کرنا؟ گناہ مخالفت کو کہتے ہیں اور نیکی و تقویٰ موافقت کو کہتے ہیں۔ زندگی دو حدود میں ہے۔ اس کے حکم کی مخالفت کرو تو گناہ ہے۔ اس کی موافقت میں رہو تو تقویٰ ہے۔ تقویٰ، نیکی، اطاعت یہ سب موافقت ہیں۔ جیسے وہ چاہے ویسے کرتے جاؤ یہ موافقت میں زندگی گزارنا ہے۔ گناہ کرنا اس کے امر کی مخالفت ہے اور توبہ مخالفت سے موافقت کی طرف پلٹ جانا ہے، یہ رجوع کرنا ہے۔

اللہ کی بندگی کی طرف، اطاعت کی طرف، ترکِ گناہ کی طرف ½ توبہ ہے۔ جب اس نے رجوع کرلیا تو اللہ نے خود ہی اس کے نامہ اعمال سے مخالفت کا دھبہ اور نشان ہی مٹا دیا اور فرمایا کہ خبردار اس کو ظالم نہ کہو۔ لوگوں نے کہا باری تعالیٰ اس نے گناہ کیا تھا، اس کو ظالم کیوں نہ { ؟ اللہ نے فرمایا: اگر اس نے فلاں گناہ کیا تھا تو توبہ بھی تو کر لی، رجوع بھی کرلیا ہے۔ ہمارا طرزِ عمل یہ ہے کہ ہم کسی کے گناہ اور مخالفت کو پکڑ £ ہیں اور ساری زندگی اس کا ù نہیں چھوڑتے کہ اس نے فلاں گناہ کیا تھا، مخالفت کی تھی۔ اللہ نے جواب دیا کہ گناہ کیا تھا، مخالفت کی تھی مگر موافقت بھی تو کی تھی۔ گویا ہم گناہ دیکھتے رہے اور اللہ رجوع دیکھتا رہا۔۔۔ ہم اس کی مخالفت کا کرنا دیکھتے رہے اور وہ بندے کی موافقت کا کرنا دیکھتا رہا۔۔۔ ہم ظلم کرتے رہے اور وہ ہمارے ظلم کو مٹانے کا سوچتا رہا۔۔۔

توبہ کرنے والوں کا اجر

اللہ رب العزت نے سورہ آل عمران آیت

۱۳۵ اور ۱۳۶ میں ارشاد فرمایا:

وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَۃً ۔

اور وہ لوگ جو تقاضاء بشریت کے تحت اعلانیہ گناہ کر بیٹھے۔۔۔ **اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ** یا اللہ کے حکم کی ایسی مخالفت کر بیٹھے کہ وہ کھلا گناہ تو نہ تھا مگر وہ اپنی جانوں کا نقصان کر بیٹھے۔اگر چھپ کر بھی گناہ کیا تو وہ اپنی جان پہ ظلم کر بیٹھے۔ وہ لوگ جو ایسا کر بیٹھیں **ذَکَرُوا اللّٰہَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِھِمْ** پھر انہیں میری یاد آگئی، مجرموں نے پھر مجھے یاد کرلیا، جب مجھے یاد کیا ، دھیان میری طرف آ گیا، رجوع ہوگیا، جب میرا ذکر کیا تو میری یاد آگئی اور نادم و شرمندہ ہوگئے۔ پس انہوں نے اپنے گناہوں کے لیے مجھ سے معافی مانگ لی۔ اتنا فرمانے کے بعد اللہ تعالیٰ کے کلام کا انداز بدل گیا، فرمایا: **وَمَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰہُ** ۔۔۔''بتاؤ! کون ہے اللہ کے سوا جو معاف کردے''۔ اگر میں بھی معاف نہ کروں اور اس کے گناہ دیکھتا رہوں تو اور کون ہے دنیا میں معاف کرنے والا۔ پھر گناہوں کی طرف اُ Äاں اُٹھانے والوں کے لئے فرمایا: وَلَمْ یُصِرُّوْا عَلٰی مَا فَعَلُوْا دیکھتے نہیں کہ گناہ کر کے بیٹھے تھے مگر اس کے بعد تکرار نہیں کیا، اپنے گناہ پر اصرار نہیں کیا۔ وَھُمْ یَعْلَمُوْنَ۔ وہ جانتے ہیں، بضد نہیں رہے۔ اس لئے کہ جو ضد نہیں کرتا میں اس کی ë خطاء کو معاف کر دیتا ہوں تو گویا فرمادیا کہ میں ناراض اس کے اڑے رہنے پر اور تکرار کیے جانے پر ہوتا ہوں۔خطاء ہوگئی تو معافی مانگے تو معاف کر دیتا ہوں۔ **اُولٰٓئِکَ جَزَآؤُھُمْ مَّغْفِرَۃٌ مِّنْ رَّبِّھِمْ** ۔۔۔''یہ وہ لوگ ہیں جن کی جزا ان کے رب کی طرف سے بخشش ہے''۔

پھر بات کو یہاں نہیں روکا، رحمت ، جوش میں آگئی، توبہ کا دروازہ کھول دیا اور عطا کا بھی دروازہ کھول دیا فرمایا: M ں نے ایک بار گناہ کیا اور ایک بار توبہ کی ان کو بخشش کی جزاء دیدی۔ کچھ لوگوں کو دیکھا کہ گناہ تو انہوں نے ایک بار کیا تھا مگر توبہ بار بار کئے جارہے ہیں۔ گناہ پر اصرار نہیں کیا مگر توبہ پر اصرار کرتے رہے، پھر بھی توبہ کرتے ہیں۔بخشش ہوگئی پھر بھی یہی صدا ان کے لبوں پر ہے کہ مولا معاف کردے۔ فرمایا: جن کو بخش دیا وہ جزاء والے تھے ،تم عطا والے ہو۔ صرف بخشش لے کر نہ جاؤ اس لئے کہ بخشش تو جزاء اور بدلہ ہے۔ گناہ کر کے جو توبہ کی تھی اس کا بدلہ و جزاء بخشش ہے۔ بندے نے توبہ کی اور میں نے اس کی توبہ کو اس کا حق بنا دیا تھا کہ اس کو بخش دیا۔ اے بندے گناہ پر اصرار و تکرار بھی نہیں اور توبہ پھر بھی کئے جارہا ہے، تجھے بخشش تو بدلہ میں دے دی ہے اب اس کے علاوہ عطا یہ ہے کہ

وَجَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا . . .

جزاء بخشش تھی اور عطا جنت ہے۔ " جنتیں، نہریں اور عیش و آرام کی جنتوں کی زندگی دیتا ہوں۔

پھر فرمایا کچھ وہ ہیں کہ وہ پھر بھی توبہ پہ توبہ ہی کئے جارہے ہیں کہ مولا بخش دے۔ یہ اولیاء اللہ کی مثال ہے۔ کسی ولی اللہ سے پوچھا گیا کہ گناہ اور توبہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ یہ مالک او رغلام کے درمیان ایک رشتہ ہے۔ میں نے ایک بار گناہ کیا تھا اور 80 سال سے توبہ کر رہا ہوں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو پوری زندگی توبہ میں گزار دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے پہلے جزاء والے روانہ کردیئے، پھر عطا والے رخصت کردیئے اور پھر پوری زندگی توبہ میں گزارنے والوں کو روک لیا اور فرمایا: وہ جزاء اور عطا والے تھے، رضا والے ہو۔ فرمایا:

وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ.

کئی لوگوں کو بخشش دے کر بھیج دیا۔۔۔کئی کو جنت دے کر بھیج دیا اور پھر کئی ایسے عمل والے بھی ہیں کہ جن کا ان سب اجروں سے زیادہ اُونچا اجر ہے۔ پس کیفیت، حال، مقام، جزاء اور رضا یہ سب دروازے توبہ سے کھلتے ہیں۔ آقا A نے فرمایا کہ لوگو! « کیا

خبر کہ کئی لوگوں کے گناہ انہیں جنت میں لے جائیں گے۔ اس لئے کہ گناہ ان کی غلطی ہوگی مگر اس خطاء کے بعد وہ جو توبہ کریں گے، وہ توبہ ان کے درجات میں اضافہ کا موجب ہوگی۔

توبہ صحیح کیسے ہوگی؟

توبہ سے ملنے والے مقامات و درجات کی خبر کے بعد اب مزہ تب ہے کہ زندگی ساری توبہ میں گزر جائے۔

صحیح توبہ کیسے ہوگی، امام £ یؒ بیان کرتے ہیں کہ

لا تصح التوبة الا بعد معرفة الاثم.

''جب تک گناہ کی معرفت نہ ہو تو اس وقت تک توبہ درست نہیں ہوتی''۔

فرمایا: گناہ کی معرفت یہ ہے کہ ندامت، شرمندگی، معافی مانگنے اور توبہ سے قبل گناہ کے اندر درج ذیل تین چیزیں دیکھے۔ یعنی اپنے گناہ پر توجہ مرکوز کرے۔

۱۔ پہلی بات یہ دیکھے کہ اللہ تعالیٰ نے ایمان کے ذریعے میری حفاظت کی تھی، اس عمل سے میری حفاظت اٹھ گئی۔ اب میں اللہ کی امان اور حفاظت سے محروم ہوگیا۔ اللہ نے Ó کی چادر اور مجھ پر تنا حفاظت کا سائبان اُٹھا لیا۔

۲۔ دوسرا یہ کہ گناہ سے فرحت اور خوشی ملی یہ سوچے کہ گناہ اللہ کی مخالفت تھی اور اللہ کی مخالفت میں مجھے خوشی ہوئی۔

۳۔ گناہ کے اندر Š ی چیز یہ دیکھے کہ جس گناہ کا وہ ارتکاب کر رہا ہے، اس پر اصرار سے وہ اللہ کی نگاہِ کرم سے محروم ہوگیا، اللہ کی مخالفت پر اسے خوشی ہوئی Í اب اللہ کی نظرِ التفات بھی مجھ سے ہٹ جائے گی اور اسے یہ یقین ہو جائے کہ میں نے اللہ کی نظر التفات کا راستہ اپنے لئے روک دیا ہے۔

گویا جب وہ گناہ اِسے اپنے آئینہ عمل میں ان تین چیزوں اور اجزاء کی شکل میں نظر آئے گا تب اسے گناہ کی معرفت نصیب ہوگی اور جب گناہ کی معرفت نصیب ہوگی تو توبہ درست ہوگی۔ اس لئے کہ ان تینوں چیزوں کے یقین کے بعد ہی وہ سوچے گا کہ مجھے تو اللہ کی موافقت، اطاعت، عبادت اور بندگی میں خوشی ملنی چاہئے تھی۔ افسوس مجھے اللہ کی مخالفت میں خوشی ملی۔ اگر میری یہی نافرمانی برقرار رہی اور توبہ نہ کی تو اللہ کی نظرِ حق، اس کی نظرِ التفات مجھ سے ہٹ جائے گی۔ اس کی نگاہِ التفات، نگاہِ بخشش، نگاہِ حق، نگاہِ عطا، نگاہِ کرم، نگاہِ رحمت کا دروازہ بند ہو جائے گا۔ اس کے بعد میرے لئے کوئی ٹھکانہ نہیں رہے گا۔ کوئی جائے امان نہیں رہے گی۔

اس چیز کے یقین ہو جانے کے بعد اب اس کے اندر از خود ندامت و شرمندگی پیدا ہوگی۔ جب یہ ندامت پیدا ہوگی تو اس ندامت سے توبہ کی ابتداء ہوتی ہے۔ پس بندے کو چاہئے کہ اس گناہ کے تصوّر کو™ کر، گناہ کی معرفت حاصل کرکے شرمندگی و ندامت تک ã ۔ اس ندامت سے توبہ کا دروازہ • اور ندامت توبہ [illegible] ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حقیقی معنوں میں توبہ کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سیدالمرسلین A

آخری عشرۂ رمضان المبارک

عبادات اور ذوقِ عمل میں اضافہ کا موجب

علامہ محمد معراج الاسلام

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ • ارشاد فرماتی ہیں:

کان اذا دخل العشر الاخیر شد مئزره واحیا لیله، وایقظ اهله.

’’جب رمضان المبارک کا آخری عشرہ آجاتا تھا تو حضور A نئے سرے سے کمر h ہوجاتے تھے ساری رات خود بھی جاگتے اور گھر والوں کو بھی جگاتے تھے‘‘۔ (صحیح بخاری)

شرح و تفصیل

رمضان المبارک کی آخری تہائی کے نو، دس دن مسلمانوں کے لئے خصوصی جہد وعمل اور توجہ و اî ک کے دن ہیں۔ بیس روز گزر جانے کے بعد یہ ماہ مبارک پابرکاب مہمان کی حیثیت اختیار کرلیتا ہے، ماضی کے بحر سکوت وسکون میں 1 و مدغم ہونے والا ایک ایکœاس کی روانگی و رخصت کی اطلاع دینا شروع کردیتا ہے۔ چونکہ یہ مہینہ برکتوں کا بے کراں سمندر ہے، انعامات و سعادت کا L خشک نہ ہونے والا سرچشمہ ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ عطایائے ربانی کا مظہر ہے، اس لئے اس کی Ó ں سے کماحقہٗ آگاہ نہ ہوتے ہوئے بھی، اس کی برکات سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کا حکم دیا گیا ہے اور اسے شایان شان طریقے سے الوداع کہنے کے طریقے تعلیم کئے گئے ہیں 6 کہ ا L ل کے آداب سکھائے گئے ہیں۔ یہ سب کچھ اسلئے ہے تاکہ ناواقف و غافل بھی اس کی برکات سے محروم نہ رہے اور رمضان کے احترام کے صدقے اس کا بیڑا پار ہوجائے۔ چنانچہ احادیث کے مندرجات سے ثابت ہوتا ہے۔حضور A اس آخری تہائی میں پہلے سے بھی زیادہ پُرشوق، تازہ دم اور سرگرم عمل ہوجاتے تھے، اس تہائی میں خوب ذوق و اî ک سے عبادت کرنے کے لئے پہلے ہی سے تیاری شروع فرمادیتے تھے اور جب یہ دن آجاتے تو آپ کی عبادت میں نمایاں اضافہ ہوجاتا تھا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ • سے مروی مذکورہ حدیث میں اسی کیفیت کو بیان فرمایا گیا ہے:

ایک اور مقام پر اس کیفیت کو اس طرح بیان کیا کہ

کان یجتهد فی العشر الاخیر مالا یجتهد فی غیره. (مسلم)

آخری عشرہ میں Î محنت فرماتے، باقی دنوں میں اتنی نہیں فرماتے تھے۔

آپ A کا کوئی فعل حکمت و بصیرت سے خالی نہیں۔ اس لئے یہ سوچنا بالکل بجا ہے کہ آخری عشرہ میں خصوصی اہتمام کیوں فرماتے؟ اس کی وجہ امت کے افراد کو ہمہ وقت مستعد اور تازہ دم رکھنا مقصود تھا کیونکہ مسلسل ایک کام کرتے کرتے انسان تھک جاتا ہے اور اس میں د p لینا

چھوڑ دیتا ہے یا 7 ں اور ہموار عمل اس کی Ë میں رچ بس جاتا ہے اور اس کے ذہن میں اس کے لئے کوئی اہمیت نہیں رہتی۔ یہ انسان کی فطرت اور طبعی خاصہ ہے۔

بیس دن کے روزہ رکھنے اور افطار کرنے کے 7 ں عمل سے اس بے دلی کا پیدا ہوجانا ممکن تھا۔ اس لئے دانائے فطرت اور نباض حقیقت نے اپنے ذوق عمل اور طرز طریق سے آخری عشرے کو بالکل جدا اور نیا مقام عطا کردیا۔ گویا اصل ذوق و شوق، ریاضت وعبادت اور یاد و بندگی کا وقت تو اب آیا ہے۔ یہ سب کچھ اس لئے کیا تا کہ عبادت میں تنوع پیدا ہوجائے اور بیس دن کی پیہم مشقت ذوق عمل میں کمی نہ کردے۔ فطرت شناسی کی یہ اتنی جاندار اور اتنی بڑی مثال ہے جس کی نظیر پیش نہیں کی جا$۔

دوسرا عشرہ پہلے عشرہ کے قریب ہی ہوتا ہے اور دس دن کی مدت کچھ اتنی لمبی بھی نہیں، اس لئے دوسرے عشرے کی صرف انفرادیت بیان کرنے پر اکتفا کی۔ ارشاد فرمایا:

اوله، رحمة و اوسطه مغفرة وآخره عتق من النار.

پہلا عشرہ رحمت، دوسرا بخشش اور Šا دوزخ کی آگ سے خلاصی کا ہے۔

مگر Šے عشرہ کی زبانی اور عملی طور پر بے شمار خصوصیات بیان فرمائی ہیں تا کہ امتی کو یہ احساس ہو کہ وہ ایک نیا کام اب ہی شروع کررہا ہے اور اس طرح سارا رمضان اسی کیف و سرور، ذوق و شوق اور سوز و مستی کے ساتھ گزر جائے۔ اس آخری عشرے کا ایک ممتاز وصف یہ بھی ہے کہ اس میں اعتکاف کیا جاتا ہے، اس کی طاق راتوں میں شب قدر ہے اور دولت مندوں کو صدقہ فطر ادا کرنے کا حکم ہے۔

اعتکاف

اللہ کے لئے ضبط نفس، گوشہ تنہائی میں سب سے کنارہ کشی اور علائق دنیا سے بے A کے عملی اظہار کا نام اعتکاف ہے۔ چونکہX انسان اس مزاج وفطرت کے مالک نہیں ہوتے کہ سب سے ناطہ توڑ کر کسی تنہا کونے میں مالک حقیقی سے لو لگانے کا خیال ان کے دماغ میں آئے Éبعض مخصوص افراد ہی کو یہ سعادت ارزانی ہوتی ہے، اس لئے اعتکاف سب پر فرض نہیں کیا گیا É یاران N دان کے لئے خاص صلائے عام دے دی گئی کہ جو چاہے اس کنج عافیت میں آکر حقائق و معارف کے رنگین انوار و “ ت کے نظاروں سے لطف اندوز ہو۔ اگر ہر ایک پر فرض کردیا جاتا تو شاید اسلام پر رہبانیت کی تعلیم کا دھبہ لگ جاتا اور اگر بالکل اجازت نہ دی جاتی تو G X و شاہین صفت روحیں اپنی اصلی پرواز سے محروم رہ جاتیں۔

اب کسی شخص کی مرضی پر منحصر ہے کہ آخری دس دنوں میں اعتکاف کرلے تا کہ حق تبارک و تعالیٰ کے ساتھ محبت کرنے کی عملی تربیت حاصل کرسکے۔ یہ آقا علیہ السلام کا دستور تھا۔

كان يعتكف العشر الاخير من رمضان حتى قبضه الله. (ترمذی ص۹۸)

رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔ وصال شریف تک یہی معمول رہا۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ • فرماتی ہیں:

كان يجاور فى العشر الا واخر من رمضان ويقول تحر وا ليلة القدر فى العشر الاواخر من رمضان. (ترمذی)

آپ آخری عشرے میں اعتکاف فرماتے اور حکم دیا کرتے تھے کہ اسی میں شب قدر کو تلاش کرو۔

بیہقی کی روایت ہے۔

من اعتكف عشرا فى رمضان كان كحجين و عمرتين.

جس نے عشرہ رمضان کا اعتکاف کیا، یہ دو حج اور دو عمروں کی طرح ہوگا۔

شب قدر

عمل و ریاضت کے شیدائیوں کے لئے شب قدر خاص اہمیت و æ B رکھتی ہے کیونکہ اس میں انتہائی مختصر وقت میں حیرت انگیز حد تک زیادہ سے زیادہ رحمتیں اور برکتیں سمیٹنے کا موقع فراہم ہوتا ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ : اجمعین عمل کے شیدائی تھے، ایک دفعہ ان کے محبوب مکرم A نے بتایا:

گذشتہ امتوں کے لوگ طویل ترین عمروں کے مالک ہوتے تھے، ان میں سے بعض اپنی ساری عمر عبادت و اطاعت میں کھپا دیتے تھے۔۔۔ صحابہ کرام نے یہ سن کر عرض کی: ہماری عمریں تو مختصر ترین ہوتی ہیں ہم X بھی محنت کریں، عمل میں ان خوش قسمت افراد کی برابری نہیں کر M۔ عمر کی طوالت ان کو ہم پر فوقیت بخش دے گی۔۔۔

چونکہ اصحاب عز u وہمت تھے، خود کو میدان عمل میں بے بس پا کر افسردہ خاطر ہوئے اور اپنی بے بسی اور ساتھ ہی اطاعت و عبادت کے لئے اپنی رغبت کا اظہار کیا۔ قدرت ربانی نے ان کے خلوص و ذوق کو پذیرائی بخشی اور سورہ القدر نازل فرما کر بتایا شب قدر کی ایک رات کی عبادت ہزار ماہ کی عبادت سے 4 ہے۔ طلوع فجر تک اس میں انوار و ملائک کا نزول ہوتا رہتا ہے۔ یہ خوŸی سن کر ان کی رگوں میں مسرت کی لہر کے ساتھ جذبہ عمل کی بجلیاں بھی دوڑ گئیں اور شب قدر کی تعین کے بارے میں استفسار فرمایا:

اگر محنت و عمل پر ابھارنا اور ان کی قوت عمل کو بیدار کرنا مقصود نہ ہوتا تو بتادیا جاتا، فلاں تاریخ کو شب قدر ہوتی ہے مگر جذبہ عمل کو ï لگانے کے لئے وہ طریقہ اختیار کیا جس میں مایوسی بھی نہیں اور ہر طبقہ کا شوق بھی برقرار رہتا ہے { یہ کہہ دیا جاتا کہ سارا سال عبادت کر کے شب قدر تلاش کرو تو اکثریت کی ہمتیں پست ہو جاتیں، اس لئے اس پست ہمتی اور مایوسی سے بچانے کے لئے بتادیا کہ شب قدر رمضان کے آخری عشرے میں ہے۔ کچھ لوگ ہی اتنے بلند ہوتے ہیں جو مسلسل دس راتیں بھی جاگنے کے لئے تیار ہوں، اس لئے پانچ راتیں مخصوص فرما دیں کہ وہ آخری عشرے کی طاق راتیں ہیں۔ کچھ لوگ پانچ راتیں جاگنے کی زحمت بھی گوارا نہیں کر M تھے، انہیں ستائیسویں شب کو جاگنے کا مشورہ دیا۔

اس پردہ پوشی سے مترشح ہوتا ہے کہ ہر طبقہ کے افراد کو ان کے درجہ کے مطابق عمل و فعل پر ابھارنا مقصود ہے کہ جتنا کسی سے ہوسکے، ضرور جاگ کر اپنے مالک کی رحمت سے جھولیاں بھرنے کی کوشش کرے اور عمل سے دست کش ہو کر نہ Ö جائے، چنانچہ حضرت ابن مسعودؓ فرمایا کرتے تھے:

انها فی رمضان وانها لیلة سبع وعشرين ولكن كره ان يخبركم فتتكلوا. (ترمذی)

وہ رمضان کی ستائیسویں شب ہے لیکن « اس لئے خبر نہ دی کہ بھروسہ کر کے نہ Ö جاؤ۔

بخاری شریف میں ہے:

خرج ليخبر الناس ليلة القدر فتلاحى رجلان من المسلمين. قال صلى الله عليه وسلم خرجت لاخبر. فتلاحى فلان وفلان، وانها رفعت وعسى ان يكون خيرالكم. فالتمسوها فى التاسعه والسابعه والخامسه. (صحیح بخاری:۸۹۳)

حضور نبی کریم A شب قدر کا بتانے کے لئے تشریف لائے، اس وقت دو شخص آپس میں × پڑے۔ (آپ کی طبع مبارک پر یہ × اگراں گزرا، لہذا آپ واپس تشریف لے گئے) بعد میں فرمایا ہم باہر آئے تھے تاکہ شب قدر کے بارے میں بتائیں لیکن فلاں فلاں نے × نا شروع کردیا اور وہ اٹھالی گئی۔ ممکن ہے یہی v رے حق میں 4 ہو۔ لہذا تم انتیسویں، ستائیسویں اور Ò یں میں سے اسے تلاش کرو"۔

گویا قدرت کو بھی منظور نہ تھا کہ عام لوگوں میں اس کا چرچا ہو، یہ صرف اسی لئے تاکہ مسلمانوں میں عمل و بخشش اور جدوجہد کا جذبہ قائم رہے۔

امام شافعی فرماتے ہیں حدیث پاک میں جو یہ آتا ہے کہ آخری عشرے کی طاق راتوں میں شب قدر ڈھونڈو غا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ صحابہ کرام اس طرح پوچھتے تھے: یارسول اللہ اکیسویں شب میں تلاش کریں؟ آپ فرمادیتے ہاں، دوسرا ستائیسویں کی یقین دہانی کرالیتا، اسی طرح Ò یں ستائیسویں اور انتیسویں کے بارے میں پوچھتے اور آپ سب کو وہی جواب دیتے کیونکہ آپ کی عادت مبارکہ تھی۔

كان يجيب على نحو مايسال عنه يقال له نلتمسها فى ليلة كذا؟ فيقول التمسوها فى ليله كذا. (ترمذی)

6 سوال ہوتا، ویسا ہی جواب دیا کرتے تھے۔ پوچھا جاتا، فلاں رات میں تلاش کریں؟ آپ فرماتے: ہاں فلاں رات میں تلاش کرو۔ شب قدر کی واضح تعیین تو نہ فرمائی مگر ترغیب و شوق کے لئے اس کے بے شمار فضائل بیان فرمادیئے د " کی روایت ہے:

ان الله وهب لامتى ليلة القدر ولم يعطها لمن كان قبلهم.

بے شک اللہ تعالیٰ نے صرف میری امت کو شب قدر دی ہے اور جو لوگ گزر گئے ان کو نہیں دی۔

طبرانی کی روایت ہے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں شب قدر تلاش کرو۔

فمن قامها ايمانا واحتسابا غفرله ماتقدم من ذنبه.

جس نے ایمان و یقین کے ساتھ ثواب کی نیت سے اس میں قیام کیا اس کے گذشتہ گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ • نے پوچھا: میں اس رات میں کیا دعا کروں؟ فرمایا:

اللهم انك عفو تحب العفو فاعف عنى.

اے اللہ! تو معاف فرمانے والا ہے، عفو و درگزر کو I فرماتا ہے، مجھے معاف فرمادے۔

فطرانہ

اس عشرے کی ایک خصوصی عبادت صدقہ فطر بھی ہے، جو ہر صاحب حیثیت مسلمان پر تقریباً دو سیر گندم یا اس کی قیمت، کے حساب سے فرض ہے، اس کی ادا 5 نماز عید سے پہلے ہونی چاہیے تاکہ غرباء و نادار اپنی ضروریات خرید کر سب کے ساتھ خوشیوں میں شریک ہوسکیں۔

زكوة الفطر فرض على كل مسلم حر و عبد ذكر وانثى من المسلمين. (دار قطنى)

صدقہ فطر، مسلمان مرد و عورت، آزاد غلام سب پر فرض ہے۔

صدقہ فطر کی فر † کی حکمت بیان کرتے ہوئے آقا علیہ السلام نے فرمایا:

زكوٰة الفطر طهرة للصائم من اللغو والرفث وطمعه للمسالكين. من اداها قبل الصلاة فهى زكوٰة مقبولة ومن اداها بعد الصلاة فهى صدقة من الصدقات. ان شهر رمضان معلق بين السماء والارض. لايرفع الابزكوة الفطر.

روزہ دار سے جو لغویات اور فضول حرکتیں سرزد ہوتی ہیں۔ فطرانہ ان سے روزوں کی تطہیر کرتا ہے اور مساکین کی خوراک کا ذریعہ ہے جو شخص نماز عید سے پہلے ادا کردے اس کی طرف سے یہ قبول کرلیا جاتا ہے مگر جو بعد نماز ادا کرے، اسے عام دیئے جانے والے صدقہ کا ثواب ملتا ہے، فطرانہ کا نہیں (اور اس کی اہمیت یہ ہے کہ) روزے زمین و آسمان کے درمیان معلق رہتے ہیں جب تک فطرانہ کی ادا 5 نہ ہو۔

آپ کے دینی مسائل

مفتی عبدالقیوم خان ہزاروی

سوال: روزے کی مقصدیت، مریض کے لئے رعایت اور اس کے کفارہ کے حوالے سے راہنمائی فرمائیں۔

جواب: روزے کا مقصد تقویٰ کا حصول ہے قرآن پاک میں ہے کہ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ.

''اے ایمان والو! تم پر اسی طرح روزے فرض کیے گئے ہیں جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ''۔ (البقرہ:۱۸۳)

اسلام میں آسانی اور رحمت کا U عبادات کی ادا 5 کے اندر بھی موجود ہے۔ کمزور اور ® لوگوں کو روزہ نہ رکھنے کی شرعی رعایت حاصل ہے۔ ارشاد فرمایا:

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ. (البقرہ:۱۸۴)

''پس اگر تم میں سے کوئی F رہو یا سفر پر ہو تو دوسرے دنوں (کے روزوں) سے 2 پوری کر لے، اور Î اس کی طاقت نہ ہو ان کے ذمے ایک مسکین کے کھانے کا بدلہ ہے، پھر جو کوئی اپنی خوشی سے (زیادہ) نیکی کرے تو وہ اس کے لیے 4 ہے، اور v را روزہ رکھ لینا v رے لیے 4 ہے اگر « ™ ہو''۔

قرآن حکیم کی سورہ بقرہ میں رمضان کے روزوں کے احکام، تعداد، تقاضے، رخصت و رعایت اور قضا کے احکامات مذکور ہیں۔ ان احکامات میں سے بعض احکام تشریح طلب ہیں جن کو صرف سنت نبوی A کے ذریعے ہی معلوم کیا جا Y ہے۔ روزے کا کفارہ بھی انہی امور میں سے ہے جس کی وضاحت حدیث رسول A میں موجود ہے۔

روزے کا کفارہ

عقل کی رو سے ہر فعل کی طرح روزہ چھوڑنے کی بھی دو صورتیں ہیں۔

۱۔ شرعی عذر کی بناء پر، جیسے F ری، سفر وغیرہ

۲۔ بلا عذر شرعی { دانستہ روزہ توڑنا یا نہ رکھنا

قرآن کریم میں پہلی صورت کا حکم یعنی قضاء کا ذکر ہے مگر دوسری صورت یعنی دانستہ رمضان کا روزہ رکھنے یا رکھ کر توڑ دینے کا ذکر نہیں مگر A ء الٰہی کے مطابق رسول اللہ A نے یہ عقدہ حل فرمایا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

''ہم رسول اللہ A کی خدمت اقدس میں حاضر تھے، اس اثناء میں آپ کی خدمت اقدس میں ایک شخص آیا اور عرض کی یارسول اللہ! میں ہلاک ہوگیا، فرمایا:

تجھے کیا ہوا ہے؟ عرض کی: میں نے روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے قربت کرلی۔۔۔ رسول اللہ A نے فرمایا کہ مملوک ہے جسے آزاد کرو۔۔۔؟ عرض کی: نہیں۔۔۔ فرمایا: مسلسل دو مہینے روزے رکھ M ہو۔۔۔؟ عرض کی: جی نہیں۔۔۔ فرمایا: ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا M ہو۔۔۔؟ عرض کی: نہیں۔۔۔ فرمایا: Ö جاؤ۔۔۔ اسی اثناء میں رسول اللہ A کے پاس Lروں کا ایک بڑا ٹوکرا لایا گیا، فرمایا: سوال کرنے والا کہاں ہے۔۔۔؟ عرض کی: جی میں حاضر ہوں۔۔۔ فرمایا: اسے لے کر صدقہ کردو۔۔۔ وہ شخص بولا! یارسول اللہ A : اپنے سے زیادہ غریب و محتاج پر؟ خدا کی قسم، مدینہ منورہ کے ان دو پہاڑوں کے درمیان کوئی گھرانہ میرے گھرانے سے زیادہ محتاج نہیں۔۔۔ اس پر نبی کریم A ہنس پڑے، یہاں تک کہ آپ کے دندان مبارک ظاہر ہوگئے پھر فرمایا: اسے اپنے گھر والوں کو کھلادو‘‘۔ (بخاری مسلم بحوالہ مشکوۃ:۱۷۶)

اس حدیث مبارکہ میں ایک طرف روزے کا کفارہ ۱۔غلام آزاد کرنا۔ ۲۔60 روزے رکھنا۔ ۳۔60 مسکینوں کو کھانا کھلانا واضح ہورہا ہے اور دوسری طرف اسلام کا رحمت، آسانی اور شفقت کا U بھی عیاں ہے۔

سوال: رمضان المبارک میں روزے نہ رکھنے کی قضا کب کی جائے اگر وہ شخص فوت ہوگیا اور روزے نہیں رکھ سکا اس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: ۱۔ Fر آدمی ایام ~ نعت کے علاوہ جب چاہے روزوں کی قضا کر Y ہے گو جلدی کرنا 4 ہے کیونکہ زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔ جب بھی روزے رکھے گا قضاء ہوجائے گی۔ گرمی ہو یا سردی۔ اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔

۲۔ جو آدمی فوت ہوگیا اور اسے قضاء کا موقع x نہیں آیا۔ اگر مالدار ہے تو جتنے روزے رہ گئے اتنے روزوں کے فدیہ کی وصیت کرجائے تاکہ اس کے مال سے فدیہ دیدیا جائے۔ فدیہ فی روزہ، صدقہ فطر کے برابر ہے۔ اس وصیت پر عمل واجب ہوگا۔ اگر وصیت نہیں کی تو ورثاء اپنی طرف سے فدیہ ادا کردیں تو بھی فدیہ ادا ہوجائے گا۔ اگر مالدار نہ تھا اور ورثاء بھی ایسا نہ کرسکے تو اللہ تعالیٰ معاف فرمانے والا مہربان ہے۔

سوال: سعودی عرب میں پاکستان کی نسبت روزے عموماً پہلے شروع ہوتے ہیں۔ اسی نسبت سے عید بھی پہلے ہوتی ہے۔ پاکستانی شخص جو دوران رمضان وہاں à ، اس کے لئے روزوں اور عید کا شرعی حکم کیا ہوگا؟

جواب: جو شخص رمضان المبارک میں پاکستان سے حجاز مقدس جاتا ہے اور حجاز مقدس میں پاکستان سے دو دن پہلے رمضان کا چاند نظر آگیا تھا اس صورت میں اس پاکستانی شخص کو پاکستانی حساب سے روزے رکھنے چاہئیں۔ ا% وہاں کے مسلمانوں کے ساتھ ¬ کے طور پر عید کرے اور دو دن کی بعد میں قضاء کرے۔

سوال: رمضان میں 3 راتوں میں یا ایک رات میں À . قرآن پاک کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

جواب: تین دن میں قرآن کریم کا . ² سپیکر کی آواز مسجد سے باہر نہ جائے اور اہل علاقہ کے آرام میں ñ نہ آئے، بالکل جائز ہے۔ چند باتوں کو پیش نظر رO ۔ . یا کسی اور صورت میں قرآن کریم اتنا پڑھا جائے جس سے جی اکتا نہ جائے۔ جونہی اکتاہٹ محسوس ہوختم کردیا جائے۔ رسول اللہ A کا ارشاد ہے:

اقروا القران ماائتلفت علیه قلوبکم فاذا اختلفتم فقوموا عنه.

’’قرآن اس وقت تک پڑھو جب تک v رے دل اس سے مانوس ہوں اور جب اختلاف کرنے لگو، اٹھ کھڑے ہو‘‘۔ (متفق علیہ۔ مشکوٰۃ ص۱۹۰ ج۱)

۲۔ تین دن سے کم مدت میں قرآن ختم نہ کیا

جائے رسول اللہ A فرماتے ہیں:

لم يفقه من قرا القران فی اقل من ثلث.

''جس نے تین دن سے کم میں قرآن پڑھا، وہ اسے نہ™ سکا''۔ (ترمذی، ابوداؤد، دارمی، مشکوۃ ص۱۹۱)

اتنا تیز تیز نہ پڑھا جائے کہ حروف کٹ جائیں اور™ میں نہ آئیں ام المومنین حضرت ام • رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ A قرات اس طرح کرتے:

كان رسول الله A يقطع قراته يقول الحمد لله رب العلمين ثم يقف ثم يقول الرحمن الرحيم ثم يقف. (ترمذی، مشکوۃ ص۱۷۱)

''رسول اللہ A اپنی قرات جدا جدا کر کے پڑ__ تھے۔ **الحمدللہ رب العالمین** پڑھ کر ٹھہر جاتے، پھر **الرحمن الرحیم** پڑ__ ، پھر ٹھہرتے''۔

یاد رہے کہ اس . سے مقصود روBجمع کرنا نہ ہو۔ محض اللہ کی رضا کے لئے ہو۔ رسول اللہ A نے فرمایا:

من قرا القران فیسئال الله به فانه سیجئی اقوام يقرون القران يسئالون به الناس.

''قرآن پڑھنے والا اس کا صلہ اللہ سے مانگے۔ عنقریب کچھ لوگ آئیں جو قرآن پڑ 3 گے اور اس کے ذریعے لوگوں سے مانگیں گے''۔ (احمد، ترمذی، مشکوۃ ص۱۹۳)

یہ ارشادات نبوی اتنے واضح ہیں کہ کسی تشریح کی ضرورت نہیں۔ اس کی روشنی میں . بھی کریں اور دعوت عام بھی دیں۔ بس ان ہدایات کی پابندی کریں۔ اللہ پاک آپ کو اور ہم سب کو عمل کی توفیق دے۔ یہ نہ ہو کہ منتظمین تو دودھ اور ¦ ں کے حساب میں مصروف رہیں۔ خود شرکت نہ کریں اور جو غریب قابو آ جائیں انہیں رات بھر باری باری حفاظ صاحبان قرآن سناتے رہیں۔ سنانے والے تو بدلتے رہیں اور آرام کرتے رہیں لیکن جو سیدھے سادھے سامعین قابو آ جائیں، رات بھر کھڑے کھڑے تھک کر چور ہو جائیں اور آئندہ اس کام کی طرف رغبت محسوس نہ کریں۔

=7ça äqçjÚ á^ßÒ...^Òæ I ^Ûn¿ßi

قائد ڈے نمبر فروری 2012ء 2nd ایڈیشن کی اشاعت

قائد ڈے نمبر فروری 2012ء کی غیر معمولی پذیرائی اور اندرون و بیرون ملک سے مزید ڈیمانڈ پر اس خصوصی شمارے کا 2nd ایڈیشن شیخ الاسلام کے حالیہ دورہ بھارت کی رپورٹ کے اضافہ کے ساتھ شائع ہو چکا ہے۔

اس خصوصی شمارہ میں شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہرالقادری کی حقیقی اسلامی تعلیمات کے فروغ پر مبنی مذکورہ خدمات سے ہر سطح پر عوام الناس کو آگاہ کرنے کے لئے تمام تنظیمات و کارکنان اپنا کلیدی کردار ادا کریں اور اپنے علاقوں میں موجود ہر طبقہ زندگی کی نمایاں شخصیات، قومی و نجی تعلیمی اداروں، لائبریریز، علماء، مشائخ اور سکالرز تک اس خصوصی شمارہ کو à ئیں۔

اس شمارہ کی قیمت 100 روپے مقرر کی گئی ہے۔ آپ کو یہ شمارہ X تعداد میں درکار ہے؟ اس بارے درج ذیل نمبرز پر فوری طور پر مطلع کریں تاکہ VP کے ذریعے یہ شمارہ آپ کو جلد از جلد à یا جاسکے۔

0300-8886334, 0300-8105740،042-111-140-140 Ext:128

ماہنامہ منہاج القرآن 365 ایم ماڈل ٹاؤن لاہور

میری o ت کے آبگینوں میں دf ہوئی M ۔۔۔۔۔ میرے من کی * ں میں اُترتی ہوئی آواز

میری عروسِ فکر کا عنوان ہیں مصطفیٰ A

i مہر احمد ملک

رنگ و رعنائی کے شہر اسلام آباد میں مجھے کتابوں کی لگن ایک بک سنٹر پہ لے گئی ایک کتاب کے اچھوتے موضوع نے چونکا دیا تجسس نے اس کے مطا ¬ پہ مجبور کیا تو اس میں دیگر مسالک کے نامور علماء، اکابرین اور صاحبان مسند و ارشاد کے اچھوتے نظریات تھے۔ جوں جوں یہ تحریریں پڑھتا گیا عشق رسول میں تڑپتی ہوئی آنکھ کے آنسو اور مچلتے ہوئے دل کی دھڑ o بے قرار ہوگئیں۔ ان تحریروں سے مقامِ مصطفیٰ A سے ناآشنائی i رہی تھی اور ہر جملہ سے عمداً شان و Ñ مصطفیٰ A کو کم کرنے کی مذموم کاوشیں عیاں %o۔

کتاب میں { نبی اکرم A اور عام امتی کا 7 ں ہونے میں موازنہ کروایا جارہا تھا۔۔۔ کسی تحریر کے ذریعے ختم نبوت کے o ہ میں نقب لگائی جارہی تھی۔۔۔ کسی مقام پر آپ A کے علم غیب کی نفی کے دلائل دیئے جارہے تھے۔۔۔ کوئی صفحہ آقا A کے اختیارات اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انہیں حاصل مقام محبوبیت کی نفی پر مشتمل تھا۔۔۔ { عدم حیاتِ نبی A پر مکروہ دلائل کا انبار تھا اور { بشر، بشر اور صرف بشر کے الفاظ کی تکرار موجود تھی۔

جوں جوں میں اس کتاب کے صفحات ¼ چلا گیا۔ میرے دل کی بیتابی ان اکابرین کی اس • سوچ پر ہجر کی رات کی طرح بڑھتی ہی چلی گئی۔ قلم میرے û ہاتھوں سے ان مکروہ و مذموم عقائد کی ¬ ت لکھنے سے قاصر ہے۔۔۔ G منہ کو آرہا ہے اور خون دل آ \ ں سے رواں ہے۔ اس لئے کہ ہم تو بقول اقبال اس o ہ کو L میں سجائے ہوئے ہیں کہ

؎ شوق تیرا اگر نہ ہو میری نماز کا امام
میرا قیام بھی حجاب میرا سجود بھی حجاب

ایک اشک ایک آہ

آنسو ہیں کہ – ں پہ آکر جم سے گئے ہیں، آہیں ہیں کہ L میں گھٹ سی گئی ہیں، سانس ہیں کہ رکتے ہوئے سے محسوس ہوتے ہیں، دل کی کائنات ہے کہ ڈوبتی ہوئی سی معلوم ہوتی ہے کاش یہ الفاظ پیش نگاہ ہونے سے پہلے ہی میری آنکھیں ß اگئی ہوتیں، میرے L میں دھڑکتا ہوا دل سنگ وخشت میں تبدیل ہوگیا ہوتا۔ دل ناصبور ہے کہ رکتا ہی نہیں، دھڑ o ہیں کہ تھمتی ہی نہیں۔۔۔ آہ میرؔ جیسے لوگ کہاں چلے گئے دنیا ادب کا قرینہ رکھنے اور محبت کرنے والے لوگوں سے کیوں تہی دامن ہوگئی جن میں تکریم وتحریم کا جذبہ اس پیرایہ اظہار سے کم میں ڈھلتا ہی نہیں تھا۔

دور بیٹھا غبارِ میرؔ اُن سے
عشق بن یہ ادب نہیں آتا

دل میں بسا حضور A کی o ت کا آ é
ان احساسات کے ساتھ پھوٹ بہا کہ ''معلوم ہے کچھ تم کو محمد A کا مقام!''

میرے حضور A کی بارگاہ کائنات ہستی کی سب سے بڑی بارگاہ ہے جہاں کبرو ناز، عجزو نیاز کے سانچے میں ڈھل کر روضہ اقدس پہ باریابی کے لئے آقائے دو جہاں A سے اذن طلب کرتا ہے۔۔۔ جہاں ستر ہزار فرشتوں کی نورانی جماعت سلامی کے لئے روزانہ ÷ خضریٰ پہ حاضری دیتی ہے اور پھر قیامت تک اپنی باری کے لئے ترستی ہے۔۔۔

؎ آہستہ قدم نیچی نگاہ پست صدا ہو
خوابیدہ یہاں روح رسول A عربی ہے
اے زائر بیت نبی A یاد رہے یہ
بے قاعدہ جنبش لب یہاں بے ادبی ہے

جن کی لحدِ اطہر کو چومنے کے لئے عرش اعظم بھی جھکا رہتا ہے۔۔۔ جہاں جنیدؒ و بایزیدؒ ایسے اولیاء بھی لرزیدہ نفس حاضر ہوتے ہیں۔۔۔ جہاں کونین کی Û تھم جاتی ہیں۔۔۔ جہاں محبت اپنی انتہاؤں کو چھو g ہے۔

؎ اس کے آگے کوئی جادہ ہے نہ منزل نہ مقام
ہم مدینے کے درو بام تک آ ã ہیں

صاحب Ÿر ومحراب، حامل جبہ و دستار، زینت مسند و ارشاد، مقام اتنا بلند کہ ہمالہ صفت اور سوچ اتنی پاتال میں کہ عقل حیراں، شعور و ادراک ماؤف اور لب اظہار گنگ مگر عشق کی مُشکبو سوچ میں

؎ دانش مری آداب محبت پہ نظر ہے
, ہے مرا نقش کف پائے محمد A

عاشقان مصطفیٰ A ! میں کتاب عشقِ کے عنوان ¼ جا رہوں آپ اپنی دیدۂ بینا سے

؎ عقل تمام بو † عشق تمام مصطفیٰ A

کی میزان پہ پرکھتے جائیے۔ { یہ خامیٔ ایماں ہی نہ ہو میں اندیشۂ جاں کو آپ کے قلب صمیم پہ چھوڑتا ہوں اس کارِ محبت میں بخدا کسی کی دلآزاری مقصود نہیں É ادب کی پاسداری مطلوب ہے اور یہ امر بہاروں کے پھیلے ہوئے آنگن میں جھومتی ہوئی خوشبو کی طرح ہے کہ

؎ صرف توحید کا شیطاں بھی ہے قائل یوں تو
شرطِ ایماں ہے محمد A کی غلامی یہ نہ بھول
اس سے نسبت نہ ہو گر تو محاسن بھی گناہ
وہ شفاعت پہ ہو مائل تو جرائم بھی قبول

خمیدہ سر یہاں دیکھی ہے خواجگی میں نے

میرے حضور A کی تو ایسی بارگاہ عزوجاہ ہے کہ یہاں تو سلاطین بھی آتے ہیں تاج سر سے اتار کے، اُن کی خلد آثار گلیوں میں تو مانگتے تاجدار پھرتے ہیں یہاں تو سُوئے ادبی کا ادنیٰ سا شائبہ بھی حبطِ اعمال اور راندۂ درگاہ کردینے کے لئے کافی ہے کیونکہ

؎ ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرe ں میں

